سوال

(462) سوروپیہ کے عوض اپنی زمین اس شرط پر گروی رکھنا..الخ

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ایک شخص نے دوسرے شخص کے پاس سوروپیہ کے عوض اپنی زمین گرورکھی اس شرط پرکہ تین برس کے بعد ہم روپیہ دے کرزمین واپس کرلیں گے اوراس مدت میں جوکچھ پیداواری کامنافع ہووہ اپنے مصرف میں لاوے اورمالگذاری بھی اداکرتارہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

بعض علماء اس صورت کو گائے والی صورت پر قیاس کرتے ہیں کہتے ہیں زمین کالگان مرتہن کے ذمے مثل گائے کی خوراک کے برابر ہے بعض اس سے منکرہیں اختلاف سے نکلنے کےلئے مالک کو بھی کرایہ زمین کے طورپرکچھ دے دیا کرے خواہ تھوڑاہی ہوتوجائزہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص430

محدث فتویٰ